02/GO/CC/M-2025 – 31

उम्मीदवार का अनुक्रमांक

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

पुस्तिका शृंखला

**K**

| Serial No. |
|---|
| 9200005 |

प्रश्न–पुस्तिका

# उर्दू भाषा और साहित्य

**समय : 2 घण्टे** **पूर्णांक : 100**

**प्रश्नों के उत्तर देने से पहले नीचे लिखे अनुदेशों को ध्यान से पढ़ लें ।**

## महत्त्वपूर्ण अनुदेश

K

1. इस प्रश्न–पुस्तिका में कुल **100** प्रश्न हैं ।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं ।
3. सभी प्रश्नों के उत्तर दें ।
4. प्रश्नों के उत्तर देने के लिए आपको उत्तर पत्रक प्रश्न–पुस्तिका के अन्दर दिया गया है । **अपने उत्तर पत्रक के निर्धारित स्थान में अपना अनुक्रमांक लिखें एवं कूटबद्ध करें तथा अन्य विवरण अवश्य लिखें अन्यथा आपका उत्तर पत्रक जाँचा नहीं जायेगा ।**
5. **परीक्षा आरम्भ होते ही आप अपनी प्रश्न–पुस्तिका एवं संलग्न उत्तर पत्रक की जाँच कर देख लें कि प्रश्न–पुस्तिका के ऊपर दायीं ओर मुद्रित शृंखला एवं उत्तर पत्रक पर मुद्रित शृंखला समान है । कृपया यह भी जाँच लें कि प्रश्न–पुस्तिका में रफ कार्य हेतु दो पृष्ठों (पृष्ठ सं. 15 और 16) सहित पूरे 16 मुद्रित पृष्ठ हैं और कोई प्रश्न या पृष्ठ बिना छपा हुआ या फटा हुआ या दोबारा आया हुआ या प्रश्न–पुस्तिका एवं उत्तर पत्रक में मुद्रित शृंखला में अन्तर तो नहीं है । प्रश्न–पुस्तिका एवं संलग्न उत्तर पत्रक में किसी प्रकार की त्रुटि पाने पर तत्काल इसके बदले, इसी शृंखला की दूसरी सही प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. पत्रक ले लें ।**
6. इस पृष्ठ के ऊपर निर्धारित स्थान में अपना अनुक्रमांक अवश्य लिखें । प्रश्न–पुस्तिका पर और कुछ न लिखें ।
7. इस प्रश्न–पुस्तिका में सभी प्रश्न और उनके उत्तर उर्दू में मुद्रित हैं । प्रत्येक प्रश्न के चार उत्तर — (A), (B), (C) और (D) क्रम पर दिये गये हैं । उनमें से आप सबसे सही **केवल एक** उत्तर को चुनें और अपने उत्तर पत्रक पर अंकित करें । यदि आपको ऐसा लगे कि किसी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर सही हैं, तो आप अपने उत्तर पत्रक में उस उत्तर को अंकित करें जो आपको सर्वोत्तम लगे । प्रत्येक प्रश्न के लिए **केवल एक** ही उत्तर चुनना है । आपका कुल प्राप्तांक आपके द्वारा उत्तर पत्रक में अंकित सही उत्तरों पर निर्भर होगा ।
8. उत्तर पत्रक में प्रत्येक प्रश्न संख्या के सामने **चार** वृत्त इस प्रकार बने हुए हैं — Ⓐ, Ⓑ, Ⓒ और Ⓓ । प्रश्नों के उत्तर देने के लिए आपको अपनी पसन्द के **केवल एक** वृत्त को **काली/नीली स्याही के बॉल–पॉइन्ट पेन** से चिह्नित करना है । प्रत्येक प्रश्न के लिए केवल एक उत्तर को चुनें और उसे अपने उत्तर पत्रक में चिह्नित करें । आप उत्तर पत्रक में यदि एक प्रश्न के लिए एक से अधिक वृत्त में निशान लगाते हैं, तो आपका उत्तर गलत माना जायेगा । **उत्तर पत्रक में उत्तर को चिह्नित करने के लिए केवल काली/नीली स्याही के बॉल–पॉइन्ट पेन का ही प्रयोग करें । किसी भी प्रकार का काट–कूट अथवा परिवर्तन मान्य नहीं है ।**
9. प्रश्न–पुस्तिका से कोई पन्ना फाड़ना या अलग करना मना है । प्रश्न–पुस्तिका और उत्तर पत्रक को परीक्षा की अवधि में परीक्षा भवन से बाहर कदापि न ले जायें । **परीक्षा के समापन पर उत्तर पत्रक वीक्षक को अवश्य सौंप दें ।** उसके बाद आपको अपनी प्रश्न–पुस्तिका अपने साथ ले जाने की अनुमति है ।
10. ऊपर के अनुदेशों में से किसी एक का भी पालन नहीं करने पर आप पर आयोग के विवेकानुसार कार्रवाई की जा सकती है अथवा आपको दण्ड दिया जा सकता है ।
11. अभ्यर्थी उत्तर पत्रक को अपनी उपस्थिति में Self Adhesive LDPE Bag में पूरी तरह से पैक/सील करवाने के उपरांत ही परीक्षा कक्ष को छोड़ें ।

www.bpscpathshala.com

1. ؎ لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور
تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور
غالب نے یہ غزل کس کی وفات پر لکھی؟

(A) مومن

(B) ظفر

(C) ذوق

(D) عارف

2. ؎ غواص محبت کا اللہ نگہباں ہو
ہر قطرہ دریا میں دریا کی ہے گہرائی
یہ شعر کس نظم کا ہے؟

(A) مسجد قرطبہ

(B) لالہ صحرا

(C) ساقی نامہ

(D) شعاع امید

3. میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

(A) دلی

(B) اکبر آباد

(C) لکھنو

(D) عظیم آباد

4. بہاری کتنی بولیوں کا مجموعہ ہے؟

(A) سات

(B) تین

(C) پانچ

(D) دو

5. حکومت ہند نے جوش کو کس اعزاز سے نوازا؟

(A) پدم بھوشن

(B) گیان پیٹھ

(C) پدم شری

(D) بھارت رتن

6. ؎ بقدر شوق نہیں ظرف تنگنائے غزل
کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لئے
اس شعر کا خالق کون ہیں؟

(A) غالب

(B) ذوق

(C) مومن

(D) اقبال

7. کس کے اصرار پر غبار خاطر کے خطوط کو مجموعے کی شکل میں شائع کیا گیا؟

(A) سید محمود

(B) حبیب الرحمن خاں

(C) عبدالماجد دریابادی

(D) محمد اجمل خاں

www.bpscpathshala.com

**8.** ؎ تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں
کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں
اس شعر کا خالق کون ہے؟

(A) شاد عظیم آبادی
(B) شیفتہ
(C) ظفر
(D) مولانا حالی

**9.** "میر تقی میر سرتاج شعرائے اردو ہیں۔ ان کا کلام اسی ذوق و شوق سے پڑھا جائے گا جیسے سعدی کا کلام فارسی زبان میں" یہ رائے کس نقاد کی ہے؟

(A) مولوی عبدالسلام
(B) آل احمد سرور
(C) مولوی عبدالحق
(D) خواجہ احمد فاروقی

www.bpscpathshala.com

**10.** کون سی زبان مشرقی زبانوں میں شامل نہیں ہے؟

(A) اڑیا
(B) سندھی
(C) آسامی
(D) بنگالی

**11.** مرثیے میں "رخصت" اور "رجز" کے درمیان کونسا جزو آتا ہے؟

(A) شہادت
(B) سراپا
(C) جنگ
(D) آمد

**12.** مولانا ابو الکلام آزاد کہاں پیدا ہوئے؟

(A) دہلی
(B) مکہ معظمہ
(C) کلکتہ
(D) مدینہ منورہ

**13.** ؎ شکایت ہائے رنگیں کا گلا کیا
اس کا مصرع اولی کیا ہے؟

(A) نفس موج محیط بے خودی ہے
(B) نگاہ بے محابا چاہتا ہوں
(C) نوازش ہائے بیجا دیکھتا ہوں
(D) فروغ شعلہ خس یک نفس ہے

**14.** امراؤ جان کو کس لیے اغوا کیا گیا تھا؟

(A) نواب کے ایما پر
(B) اعلی تعلیم کے بہانے
(C) اس کے باپ سے انتقام لینے کے لئے
(D) شادی کے بہانے

**15.** "اردو تنقید پر ایک نظر" کس رسالے میں قسط وار شائع ہوئی؟

(A) شب خون
(B) نوائے ادب
(C) معاصر
(D) آج کل

16. جوش کس کے ایما پر نظم گوئی کی طرف مائل ہوئے ؟

(A) رسوا

(B) وحید الدین سلیم

(C) اکبر الہ آبادی

(D) عزیز لکھنوی

17. شعر کو مکمل کیجئے۔

ہے پرے سرحد ادراک سے اپنا ____

قبلہ کو اہل نظر قبلہ نما کہتے ہیں

(A) محبوب

(B) مقصود

(C) مسجود

(D) معبود

18. میر تقی میر نے ____ میں جہان فانی کو خیرباد کہا۔

(A) 1810ء

(B) 1790ء

(C) 1800ء

(D) 1780ء

19. تنہائی میں کیا کیا نہ تجھے یاد کیا ہے

کیا کیا نہ دل زار نے ڈھونڈی ہیں پناہیں

آنکھوں سے لگایا ہے کبھی دست صبا کو

ڈالی ہیں کبھی گردن مہتاب میں باہیں

یہ اشعار فیض کی کس نظم سے ماخوذ ہیں؟

(A) دو عشق

(B) تنہائی

(C) شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں

(D) رقیب

20. قصیدے کے کون سے جزو میں شعراء کو اپنی علمیت، قابلیت کے اظہار اور قادر الکلامی کے جوہر دکھانے کا پورا موقع ملتا ہے؟

(A) دعا

(B) گریز

(C) تشبیب

(D) مدح

www.bpscpathshala.com

9200005 9200005 9200005 9200005

21. کس نقاد کے بارے میں کلیم الدین احمد نے یہ رائے دی ہے کہ "وہ اپنی تنقیدوں میں تنقید کی زبان نہیں استعمال کرتے۔ خیالوں کی لطیف پھوہار اور الفاظ کا رنگین غبار یعنی وہ انشاپردازی کے جوہر زیادہ دکھاتے ہیں اور تنقید کے کم"؟

(A) آل احمد سرور
(B) محمد حسین آزاد
(C) احتشام حسین
(D) شبلی

22. کس نے تمام ہند آریائی زبانوں پر گوڑی کا لقب چسپاں کیا؟

(A) سنیتی کمار چٹرجی
(B) گریرسن
(C) رام بلاس شرما
(D) ہارنلے

23. اس جھگڑے کا نام مولانا آزاد نے کیا تجویز کیا ہے "جو بڑا ہی تومند اور جھگڑالو ہے۔ جب دیکھو زبان فر فر چل رہی ہے اور سینہ تنا ہوا رہتا ہے۔ جو بھی سامنے آجائے دو(۲) دو(۲) ہاتھ کئے بغیر نہیں رہے گا"۔

(A) ملاّ
(B) صوفی
(C) موتی
(D) قلندر

24. "صلیبیں میرے دریچے میں" کیا ہے؟

(A) مضامین کا مجموعہ
(B) نظموں کا مجموعہ
(C) تقریروں کا مجموعہ
(D) خطوط کا مجموعہ

25. کس ادیب کا خیال ہے کہ سودا اکثر میدانوں میں فارسی قصیدہ گو شعراء سے آگے نکل گئے ہیں؟

(A) مولانا عبدالسلام ندوی
(B) مولانا حالی
(C) مولانا شبلی
(D) مولانا محمد حسین آزاد

26. "اردو کے خطوط جو آپ چھاپا چاہتے ہیں۔ یہ بھی زائد بات ہے کوئی رقعہ ایسا ہوگا جو میں نے قلم سنبھال کر اور دل لگا کر لکھا ہوگا ورنہ صرف تحریر سرسری ہے۔ اس کی شہرت میری سخنوری کے منافی ہے۔ اس سے قطع نظر کیا ضرور ہے کہ ہمارے آپس کے معاملات اوروں پر ظاہر ہوں۔ خلاصہ یہ کہ ان رقعات کا چھاپا میرے خلاف طبع ہے"۔
یہ اقتباس جس خط سے لیا گیا ہے اس کا مخاطب کون ہے؟

(A) میرزا حاتم علی مہر
(B) منشی شیو نرائن
(C) منشی ہرگوپال تفتہ
(D) میر مہدی مجروح

www.bpscpathshala.com

27. کون کہا کرتے "بیٹا عشق کرو عشق کیوں کہ دنیا میں عشق کے سوا کچھ نہیں" ؟

(A) مصحفی

(B) خان آرزو

(C) میر درد

(D) علی متقی

28. عقل و دل و نگاہ کا مرشد اولین ہے عشق

____ نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات

شعر مکمل کیجیے۔

(A) حسن

(B) عقل

(C) عشق

(D) عزم

29. شعر مکمل کیجیے۔

برسوں لگی ہوئی ہیں جب مہر و مہ کی آنکھیں

تب کوئی ہم سا ____ صاحب نظر بنے ہے۔

(A) عالم

(B) عاشق

(C) صاحب

(D) شاعر

30. شاد عظیم آبادی کے قطعات کے مجموعے کا نام کیا ہے ؟

(A) فروغ ہستی

(B) میخانۂ الہام

(C) بادہ عرفاں

(D) سروش ہستی

31. غیر مسموع دولبی مصمتے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) خ

(B) ب

(C) د

(D) پ

32. "گلِ رعنا" کیا ہے ؟

(A) خود نوشت

(B) غالب کے اردو و فارسی کلام کا انتخاب

(C) خطوط غالب

(D) غالب کے فارسی کلام کا انتخاب

33. نظم آزاد کو فروغ دینے میں کن شعراء کا اہم حصہ ہے ؟

(A) اختر الایمان، فیض

(B) میراجی، جوش

(C) شرر ، اختر شیرانی

(D) میراجی، ن۔م۔راشد


www.bpscpathshala.com

34. ؏ تمہاری یاد کے جب زخم بھرنے لگتے ہیں
مصرع ثانی کی نشان دہی کیجیے۔

(A) فضا میں اور بھی نغمے بکھرنے لگتے ہیں

(B) تو چشم صبح میں آنسو ابھرنے لگتے ہیں

(C) کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں

(D) تو ہر حریم میں گیسو سنورنے لگتے ہیں

35. ذیل میں کونسی آوازیں ہندی، عربی میں مشترک ہیں؟

(A) ک، گ، ل

(B) ج، س، ش

(C) ب، ش، ل

(D) پ، ج، د

36. مغربی ہندی کی او کو ترجیح دینے والی بولیوں کی نشاندہی کیجیے۔

(A) قنوجی، ہریانوی

(B) برج بھاشا، ہریانوی

(C) بندیلی، کھڑی بولی

(D) برج بھاشا، بندیلی

37. اقبال کی کس نظم میں خودی کا فلسفہ ملتا ہے؟

(A) خضر راہ

(B) ساقی نامہ

(C) لینن

(D) ذوق و شوق

38. ڈراما انارکلی میں نقطۂ عروج کس منظر میں ہے؟

(A) تیسرے باب کے پہلے

(B) دوسرے باب کے تیسرے

(C) دوسرے باب کے چوتھے

(D) پہلے باب کے چوتھے

39. وسطی ہند آریائی کا پہلا دور ______ ہے۔

(A) 500ء سے 1000ء تک

(B) 1000 ق۔م۔ سے 500 ق۔م۔ تک

(C) 500 ق۔م۔ سے مولود مسیح تک

(D) 1500 ق۔م۔ سے 1000 ق۔م۔ تک

40. صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) فکر و نشاط، شعلہ و شبنم، روح ادب، نقش و نگار

(B) شعلہ و شبنم، فکر و نشاط، نقش و نگار، روح ادب

(C) روح ادب، فکر و نشاط، نقش و نگار، شعلہ و شبنم

(D) روح ادب، شعلہ و شبنم، نقش و نگار، فکر و نشاط

www.bpscpathshala.com

41. اٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستاں سے عمل
تیغ اردی نے کیا ملک خزاں مستاصل

بہمن ودے کیا ہیں؟

(A) دو کھیلوں کے نام

(B) دو پہلوانوں کے نام

(C) دو مہینوں کے نام

(D) دو شہروں کے نام

42. شاد عظیم آبادی کا انتقال کس سنہ میں ہوا؟

(A) 1927ء

(B) 1908ء

(C) 1920ء

(D) 1905ء

www.bpscpathshala.com

43. "پرندہ پکڑنے والی گاڑی" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) اقبال مجید

(B) غیاث احمد گدی

(C) الیاس احمد گدی

(D) سریندر پرکاش

44. فیض کی خودنوشت کس نام سے شائع ہوئی؟

(A) غبار ایام

(B) ماہ و سال آشنائی

(C) میرے دل میرے مسافر

(D) سارے سخن ہمارے

45. تذکروں کا ______ دور "آب حیات" سے شروع ہوتا ہے۔

(A) چوتھا

(B) دوسرا

(C) تیسرا

(D) پہلا

46. مہاتما بدھ کے اپدیش کس زبان میں ملتے ہیں؟

(A) پالی

(B) کلاسیکی سنسکرت

(C) پراکرت

(D) ویدک سنسکرت

47. خود جوش ملیح آبادی کا انتخاب کلام کس نام سے شائع ہوا؟

(A) آیات و نغمات

(B) شعلہ و شبنم

(C) سیف و سبو

(D) روح ادب

48. اقبال نے پی۔ایچ۔ڈی۔ کی ڈگری کس یونیورسٹی سے لی؟

(A) پنجاب

(B) میونخ

(C) الہ آباد

(D) آکسفورڈ

49. کس محقق نے غالب کے خطوط کا ایک تنقیدی ایڈیشن پانچ جلدوں میں مرتب کیا؟

(A) خلیق انجم

(B) غلام رسول مہر

(C) آفاق حسین

(D) امتیاز علی خاں عرشی

50. اقبال نے کس نظم میں مرد مومن کو اللہ کا ہاتھ اور مولا صفات کہا ہے؟

(A) مسجد قرطبہ

(B) لالہ صحرا

(C) ذوق و شوق

(D) ساقی نامہ

51. ــــــــ کا مرکز دوآبے کا وسطی حصہ یعنی متھرا ہے۔

(A) شورسینی

(B) اردھ ماگدھی

(C) ماگدھی

(D) پشاچی

52. "پانچویں پشت ہے شبیر کی مداحی میں" یہ دعویٰ کس مرثیہ نگار نے کیا ہے؟

(A) میر حسن

(B) مرزا دبیر

(C) میر خلیق

(D) میر انیس

53. "ریختہ رتبے کو پہنچایا ہوا اس کا ہے معتقد کون نہیں میر کی استادی کا" یہ شعر کس کا ہے؟

(A) میر

(B) ناسخ

(C) ذوق

(D) غالب

54. اردوئے معلیٰ کا پہلا ایڈیشن کس سنہ میں شائع ہوا؟

(A) 1870ء

(B) 1859ء

(C) 1869ء

(D) 1857ء

55. مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی کو صدر یار جنگ کا خطاب کس نے دیا؟

(A) نواب حمید اللہ خاں

(B) نواب صدیق حسن خاں

(C) میر عثمان علی خاں نظام دکن

(D) میر محبوب علی خاں

56. کس مرثیہ گو نے مرثیے کے اجزائے ترکیبی متعین کیے؟

(A) مظفر حسین ضمیر

(B) روشن علی

(C) میر انیس

(D) سودا

www.bpscpathshala.com

57. جہاں سے دیکھیے یک شعر شور انگیز نکلے ہے
قیامت کا سا ہنگامہ ہے ہر جا میرے دیواں کا
یہ دعویٰ کس نے کیا ہے؟

(A) میر تقی میر
(B) میر انیس
(C) سودا
(D) خان آرزو

58. امراؤ جان کا اصل نام کیا ہے؟

(A) امیرن
(B) بسم اللہ جان
(C) خانم جان
(D) خورشید جان

59. کس نے مرزا غالب کی تاریخ وفات "گنج معانی ہے تہ خاک" سے برآمد کی؟

(A) وحشت
(B) میر مہدی مجروح
(C) شیفتہ
(D) مولانا حالی

60. "شکار کا نام سنتے ہی گجندر سنگھ کی نانی مر گئی۔ بے چارے نے عمر بھر کبھی شکار کھیلا نہ تھا" یہ جملے کس افسانے سے ماخوذ ہیں؟

(A) گلی ڈنڈا
(B) سوانگ
(C) انصاف کی پولیس
(D) مالکن

61. غالب نے سب سے زیادہ خطوط کس کے نام لکھے ؟

(A) منشی شیو نرائن آرام
(B) سیاح
(C) میر مہدی مجروح
(D) منشی ہرگوپال تفتہ

62. کس صنف ادب کو دماغ کی آزاد ترنگ سے تعبیر کیا گیا؟

(A) سفرنامہ
(B) مقالہ
(C) انشائیہ
(D) افسانہ

63. دکنی کا پہلا مرثیہ نگار کون ہے؟

(A) شاہی
(B) ہاشمی
(C) اشرف بیابانی
(D) مرزا

www.bpscpathshala.com

**64.** اردو میں کل کتنے مصوتے ہیں؟

(A) دس

(B) سات

(C) نو

(D) چھ

**65.** غبار خاطر میں مولانا آزاد نے Intelligent کا کیا ترجمہ کیا ہے؟

(A) ہوشیار

(B) ذی عقل

(C) صاحب فہم

(D) مدرک

**66.** نظم "صبح آزادی" فیض کے کس مجموعے میں ہے؟

(A) دست تہ سنگ

(B) دست صبا

(C) زنداں نامہ

(D) نقش فریادی

**67.** امراؤ جان کو کس نے طوائف بننے پر مجبور کیا؟

(A) بیگم جان

(B) خانم جان

(C) گوہر مرزا

(D) بوا حسینی

**68.** شاد عظیم آبادی کی غزلوں کے کتنے مجموعے ہیں؟

(A) چھ

(B) تین

(C) چار

(D) دو

**69.** "تضحیک روزگار" میں کس کی ہجو کی گئی ہے؟

(A) ضاحک

(B) گھوڑے

(C) بادشاہ وقت

(D) ہاتھی

**70.** میر تقی میر نے "ذکر میر" میں کس کی بدسلوکی کا حال نہایت دردناک لہجہ میں کیا ہے؟

(A) سعادت علی

(B) سودا

(C) میر امان اللہ

(D) خان آرزو

**71.** فلسفہ و شعر کا حسین امتزاج اقبال کے کس اردو مجموعے میں ملتا ہے؟

(A) ضرب کلیم

(B) بانگ درا

(C) بال جبریل

(D) اسرار خودی

www.bpscpathshala.com

72. واردات میں کتنے افسانے شامل ہیں؟

(A) تیرہ

(B) دس

(C) بارہ

(D) آٹھ

73. کلیم الدین احمد نے کس یونیورسٹی میں وائس چانسلر کی حیثیت سے اپنی خدمات انجام دیں؟

(A) پٹنہ یونیورسٹی

(B) بھاگلپور یونیورسٹی

(C) نالندہ یونیورسٹی

(D) بہار یونیورسٹی

www.bpscpathshala.com

74. پراکرت کے معنی ______ کے ہیں۔

(A) مخلوط

(B) مسخ شدہ

(C) مہذب

(D) فطری زبان

75. کس صنف ادب کو عہد جدید کا رزمیہ کہا جاتا ہے؟

(A) ڈراما

(B) افسانہ

(C) داستان

(D) ناول

76. جوش ملیح آبادی تقسیم ہند کے بعد کس رسالہ کے ایڈیٹر ہو گئے؟

(A) ساقی

(B) کلیم

(C) ماہ نو

(D) آج کل

77. ڈراما انارکلی میں اکبر کا تعارف پہلے باب کے کس منظر میں ہوتا ہے؟

(A) چوتھے

(B) دوسرے

(C) تیسرے

(D) پہلے

78. شعر مکمل کیجئے۔

ڈھونڈو گے ہمیں ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں ___ ہیں ہم

تعبیر ہے جس کی حسرت و غم اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم

(A) کمخواب

(B) پایاب

(C) نایاب

(D) کمیاب

79. جیا، کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) مالکن

(B) گلی ڈنڈا

(C) قاتل کی ماں

(D) نئی بیوی

80. ان میں رزمیہ مثنوی کون سی ہے؟

(A) شکار نامہ

(B) علی نامہ

(C) طوطی نامہ

(D) ابراہیم نامہ

81. درج ذیل مطلع کس کی مدح میں کہے گئے قصیدے کا ہے؟

یا دوست ہے گل و شمع بہم چاروں ایک
میں، کتاں، بلبل و پروانہ بہم چاروں ایک

(A) حضرت امام عسکریؒ

(B) حضرت علیؓ ابن طالب

(C) حضرت امام کاظمؒ

(D) حضرت امام مہدیؒ

82. دیوان غالب اردو پہلی بار شائع ہوا تو اس میں کس کی تقریظ شامل تھی؟

(A) میر مہدی مجروح

(B) منشی شیو نرائن

(C) مولانا حالی

(D) نواب ضیاء الدین احمد

83. پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

اس میں اقبال نے کس کے خیال کو نظم کیا ہے؟

(A) بھرتری ہری

(B) حافظ

(C) کالی داس

(D) رومی

84. "امراؤ جان کا موضوع زوال ہے۔ یہ زوال ایک خاص معاشرت کا ہے جو اودھ کے چند شہروں میں محدود تھی"

یہ رائے کس نقاد کی ہے؟

(A) علی عباس حسینی

(B) خورشید الاسلام

(C) ابو اللیث صدیقی

(D) احتشام حسین

85. کس ادیب نے دو آبہ گنگ و جمن کو اردو کا مسکن قرار دیا ہے؟

(A) ڈاکٹر زور

(B) سید سلیمان ندوی

(C) شوکت سبزواری

(D) محمد حسین آزاد

www.bpscpathshala.com

86. "الله اکبر یہ کبھی ہوئی محبت کب تک راز رہے گی مجبور دل یونہی چپ چاپ دکھ سہا کرے گا یا وہ فرخندہ ساعت بھی آئے گی جس کی امید میں زندگی قیامت ہے..."
یہ خیال کسے آتا ہے؟

(A) ثریا

(B) انارکلی

(C) دلارام

(D) سلیم

87. "دست صبا" اس شعری مجموعے کا ابتدائیہ کس نے تحریر کیا؟

(A) سجاد ظہیر

(B) فیض

(C) سردار جعفری

(D) ن۔م۔راشد

88. "بدنصیب ماں" کا موضوع کیا ہے؟

(A) غریبوں کے مسائل

(B) زمینداری نظام

(C) ماں کی قربانی اور اولاد کی ناشکری

(D) شہری زندگی کے مسائل

89. کلیم الدین احمد نے کن ترقی پسند ناقدین پر تنقید کی ہے؟

(A) مجنوں گورکھپوری، سجاد ظہیر

(B) احتشام حسین، محمد حسن

(C) احتشام حسین، سردار جعفری

(D) ممتاز حسین، اختر حسین رائے پوری

90. اس زمرے کی نشاندہی کیجئے جس میں حروف قمری ہیں

(A) ج،ف،م

(B) د،ف،ق

(C) ش،غ،ط

(D) ت،ج،س

91. جوش دار الترجمہ حیدرآباد میں کس عہدے پر فائز تھے؟

(A) معتمد

(B) ناظر ادب

(C) ناظم ترجمہ

(D) مترجم

92. سودا کا انتقال کس شہر میں ہوا؟

(A) لکھنؤ

(B) آگرہ

(C) فیض آباد

(D) دہلی

92000005 92000005 92000005 92000005 92000005
www.bpscpathshala.com

93. "نسخہ ہائے وفا" میں فیض کے کتنے شعری مجموعے شامل ہیں؟

(A) آٹھ

(B) چھ

(C) سات

(D) پانچ

94. دھنپت رائے نے کس کے مشورے پر پریم چند کے نام سے لکھنا شروع کیا؟

(A) بیوی

(B) چچا

(C) والد

(D) دیانرائن نگم

95. "کلیاتِ شاد" کو کس نے مرتب کیا؟

(A) اختر اورینوی

(B) جمیل مظہری

(C) کلیم الدین احمد

(D) حسرت موہانی

96. ڈراما انارکلی کو پروفیسر احتشام حسین نے کس کردار کا المیہ قرار دیا ہے؟

(A) اکبر

(B) سلیم

(C) دلارام

(D) انارکلی

97. غالب کی زندگی میں "دیوان غالب" کتنی بار شائع ہوا؟

(A) چھ

(B) تین

(C) پانچ

(D) ایک

98. "اردو میں تنقید کا معیار پست ہے جب تک معیار بلند نہ ہو، اصول تنقید کی ترتیب نہ ہو کسی قابل قدر ___ کی امید بیکار ہے۔

(A) تبصرہ

(B) کارنامے

(C) شہکار

(D) فن پارے

www.bpscpathshala.com

99. ان میں سے کون سی نظم "بالِ جبریل" میں شامل نہیں ہے؟

(A) زمانہ

(B) ساقی نامہ

(C) ذوق و شوق

(D) شکوہ

100. شاد عظیم آبادی نے جو ہفت روزہ جاری کیا اس کا نام کیا ہے؟

(A) زمیندار

(B) نسیم سحر

(C) طلوع سحر

(D) ہمدرد

SPACE FOR ROUGH WORK / रफ़ कार्य के लिए स्थान

www.bpscpathshala.com